مصنف: حضرت حکیم الامت مولانا الحاج مفتی
احمد یار خاں نعیمی اشرفی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ

کتاب الایمان - کبائر و علامات نفاق - وسوسہ - تقدیر - عذاب قبر - الاعتصام (قرآن و سنت کو مضبوطی سے پکڑنا) -
کتاب العلم - طہارت - وضو کا - استنجا - مسواک - وضو کی سنتیں - وضو - غسل - جنبی - پانی کا بیان - نجاست -

موزہ پر مسح - تیمم - مسنون غسل - حیض - مستحاضہ - کتاب الصلوٰۃ - اوقات - تعجیل - فضائل نماز - اذان - فضائل اذان - مساجد - ستر

الحمد للہ خالق الارض والسمٰوٰت

کہ

جلد اوّل

از کتاب لاجواب مفید شیخ و شاب مسمیٰ بہ

مرآۃ المناجیح

اردو ترجمہ و شرح

مشکوٰۃ المصابیح

تاریخی نام

مصنف حضرت حکیم الامت مولانا الحاج مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی اشرفی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ گجرات ذوالمراتب

صاحبزادہ اقتدار احمد خاں مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِيْ كُتُبِ الْاُصُوْلِ اَوْ وَجَدْتُ خِلَافَهَا فِيْهَا فَاِذَا وَقَفْتَ عَلَيْهِ
فَانْسِبِ الْقُصُوْرَ اِلَيَّ لِقِلَّةِ الدِّرَايَةِ لَا اِلٰى جَنَابِ الشَّيْخِ رَفَعَ اللّٰهُ قَدْرَهٗ فِي الدَّارَيْنِ
حَاشَا لِلّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ اِذَا وَقَفَ عَلٰى ذٰلِكَ نَبَّهَنَا عَلَيْهِ وَاَرْشَدَنَا
طَرِيْقَ الصَّوَابِ وَلَمْ اٰلُ جُهْدًا فِي التَّنْقِيْرِ وَالتَّفْتِيْشِ بِقَدْرِ الْوُسْعِ وَالطَّاقَةِ وَ
نَقَلْتُ ذٰلِكَ الْاِخْتِلَافَ كَمَا وَجَدْتُ وَمَا اَشَارَ اِلَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ غَرِيْبٍ
اَوْ ضَعِيْفٍ اَوْ غَيْرِهِمَا بَيَّنْتُ وَجْهَهٗ غَالِبًا وَمَا لَمْ يُشِرْ اِلَيْهِ مِمَّا فِي الْاُصُوْلِ فَقَدْ

میں نے یہ روایت اصول کی کتابوں میں نہ پائی۔ یا ان میں اس کے خلاف پائی تو جب تم اس پر مطلع ہو تو میری کم علمی کی بناء پر قصور کو میری طرف منسوب کرنا نہ کہ حضرت شیخ کی بارگاہ کی طرف اللہ دونوں جہانوں میں اُن کی عزت بڑھائے[1] اس نسبت سے خدا کی پناہ خدا اس پر رحمت کرے جو اس حدیث پر واقف ہو تو ہمیں متنبہ کر دے۔ اور ہم کو سیدھے راستہ کی راہبری کرے[2] میں نے حتی الوسع حدیثوں کی تلاش اور کرید میں کوتاہی نہیں کی اور اس اختلاف کو ویسے ہی نقل کر دیا جیسا پایا[3] اور جب کبھی شیخ نے غریب ضعیف وغیرہ کی طرف اشارہ کیا تو اکثر میں نے اُس کی وجہ بیان کر دی[4] اور اصول احادیث میں سے جہاں اس

کے مسلک کی کوئی حدیث ہم کو نہ ملے یا ضعیف ملے تو اس میں ہمارا قصور ہے نہ کہ حضرت امام کا صاحب مشکوٰۃ نے ہم کو سبق دیا۔

[1] یعنی مصابیح میں بعض احادیث وہ بھی ہیں جو مجھے کسی کتاب میں ملی ہی نہیں یا اس کے خلاف ملیں تو میں نے وہ حدیث مشکوٰۃ شریف میں لکھ تو دی مگر ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا کہ مجھے یہ حدیث نہ ملی یا اس کے خلاف ملی تو تم اس سے حضرت شیخ سے بدگمان نہ ہونا بلکہ مجھے قصوروار سمجھنا کہ میرا علم کم ہے۔ سبحان اللہ یہ ہے ادب۔ اے حنفیو تم بھی یہ ادب سیکھو اگر تمہیں کوئی ایسی حدیث نہ ملے جو حضرت امام کی سند ہے تو سمجھو کہ بے علمی یا کم علمی یہ ہماری تلاش میں قصور ہے حضرت امام کی حدیث صحیح ہے۔

[2] یعنی ایسی حدیث پر جو مجھے نہ ملی یا خلاف ملی اگر کسی صاحب کو مل جاوے تو مجھے براہ مہربانی فوراً اطلاع دے تاکہ میں اس جگہ حوالہ لکھ دوں الحمد للہ فقیر کا عقیدہ یہ ہے کہ صاحب ہدایہ نے حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی تائید میں جو احادیث نقل فرمائیں اگرچہ تمام دنیا انہیں ضعیف یا غریب کہے۔ حضرت امام کے مسائل کی احادیث کسی کو نہ ملیں لیکن حضرت امام کے مسائل کی احادیث صحیح ہیں اگرچہ ہم کو نہ ملیں یا ضعیف ہو کر ملیں اسی لئے فقیر نے جاء الحق حصہ دوم تصنیف کی اس کا مطالعہ کرو۔

[3] یعنی یہ نہ سمجھنا کہ شیخ احادیث مصابیح کی تلاش میں کوتاہی کی یونہی دفع الوقتی کرکے لکھ دیا کہ مجھے نہ ملی بلکہ میں نے بقدر طاقت تلاش کی نہ ملنے پر مجبوراً یہ لکھا سبحان اللہ

[4] یعنی جن احادیث کے متعلق شیخ نے مصابیح میں فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف یا غریب یا منکر یا معلل ہے میں نے مشکوٰۃ میں اکثر اس کے ضعف وغیرہ کی وجہ بیان کر دی ہاں کبھی ایسا ہوگا کہ وجہ بیان نہ کر سکا اس کی وجہ بھی میری معلومات کی کمی ہے کہ مجھے اس کے ضعف وغرابت کی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔